
© rasailojaraid.com

# مطالعہ کی میز پر



تبصرہ نگار
محمد رمضان یوسف سلفی صاحب
ایڈیٹر صدائے ہوش لاہور

## دلکش بیان

تصنیف: ابوالقاسم امام عبدالرحمٰن سہیلی رحمہ اللہ

ترجمہ: مولانا عبدالرحمٰن سلفی بن سراج دین (فاضل مدینہ یونیورسٹی)

صفحات: 150 قیمت 65 روپے

ناشر: جامعہ اشاعۃ الاسلام

149/EB عارف والا ضلع ساہیوال

امام عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ عالم اسلام کی نابغہ روزگار شخصیت تھے۔ انہوں نے وعظ وتذکیر درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کے ذریعے خدمت دین کا فریضہ حسن وخوبی سے ادا کیا۔ اس عالم اجل نے 581 میں 73 برس کی عمر میں وفات پائی اور سرزمین مراکش میں آسودہ خاک ہوئے۔ اس عالم دین نے کئی علمی و تحقیقی کتب تحریر کیں۔ انہوں نے خدمت قرآن کو بھی موضوع سخن بنایا اور اس سلسلے میں اپنے انداز کی اچھوتی کتاب ''التعریف والاعلام فیما ابھم من الاسماء والاعلام فی القرآن الکریم'' تصنیف کی۔ اس کتاب میں انہوں نے قرآن کریم میں مذکور ایسے مبہم مقامات جہاں کسی آدمی' جن' فرشتے' شہر' درخت' ستارے یا جانور کا ذکر ہوا ہے ان کے اصلی نام کا ذکر کر دیا ہے۔ اس لحاظ سے یہ اپنے موضوع کی منفرد کتاب ہے' اس میں اول تا آخر قاری کے لئے دلچسپی کا سامان موجود ہے۔ کتاب معلومات کے اعتبار سے نہایت علمی اور دلچسپ واقعات کا مجموعہ ہے۔ ترجمۃ القرآن اور تفسیر پڑھنے والے طلباء کیلئے یہ ایک نادر تحفہ ہے۔ ہمارے فاضل دوست مولانا حافظ عبدالرحمٰن سلفی صاحب (مدرس جامعہ اشاعۃ الاسلام عارفوالہ) نے اس وقیع اور نادر کتاب کی افادیت کو دیکھتے ہوئے اس کے بعض مقامات کا اردو میں شگفتہ وسلیس ترجمہ کر دیا ہے۔ کتاب کے شروع میں امام سہیلی کے حالات زندگی بھی اختصار کے ساتھ لکھ دیئے گئے ہیں اور لکھی گئی تقریظ میں مولانا عبدالحئی انصاری صاحب (رفیق ادارہ علوم اثریہ فیصل آباد) نے مصنف اور مترجم کی اس کاوش کو خوب داد وتحسین سے نوازا ہے۔ بہرحال علمی دنیا میں یہ ایک لائق تحسین اضافہ ہے' کتابی دنیا میں اس کی قدر ومنزلت کی جانی چاہئے۔

## دعائیں التجائیں

مصنف: مولانا محمد داؤد راز دہلویؒ

نظر ثانی: مولانا مبشر احمد ربانی

اعداد واضافہ: محمد طاہر نقاش

صفحات: 248' قیمت 110 روپے

خوبصورت ٹائٹل' مضبوط جلد بندی' عمدہ کمپوزنگ اور طباعت۔

ناشر: ادارہ الابلاغ پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز لاہور پاکستان۔

مولانا محمد داؤد راز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ دیار ہند کے جلیل القدر عالم دین تھے۔ بڑی وقیع تصنیفی خدمات سرانجام دیں اور بہت سی علمی' ادبی اور تحقیقی کتب یادگار چھوڑیں' ان کے ترجمہ وتصانیف میں ثنائی ترجمہ پر حاشیہ اور صحیح بخاری کا ترجمہ وحاشیہ وہ عظیم دینی خدمت ہے جس کے سبب انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مولانا مرحوم نے اس کے علاوہ بھی کئی دینی اصلاحی اور تحقیقی کتب لکھیں۔ زیر تبصرہ کتب دعائیں التجائیں جو کسی دور میں مقدس مجموعہ کے نام سے اشاعت پذیر ہوئی تھی۔ نہایت قابل قدر اور دلآویز دعاؤں کا مجموعہ ہے۔ اس میں نبی علیہ السلام کی زبان مبارک سے نکلی ہوئی دعاؤں کو اس خوبی اور حسن ترتیب سے جمع کیا ہے کہ یہ کتاب دعاؤں کا ایک جامع ہے۔ اس میں انسانی زندگی کے متعلق ہر طرح کی دعائیں آ گئی ہیں جنہیں حسب موقع پڑھ کر ہر بھائی کو ایک روحانی لذت محسوس ہوگی۔ مولانا راز مرحوم نے ہر دعا کے



© rasailojaraid.com